Noble Quran الْحَكِيمُ الْقُرآن

Quran Urdu Translation اردو ترجمہ — Maulana Muhammad Sahib — مولانا محمد صاحب جوناگڑھی

Quran Tafsir تفسیر — Maulana Salahhudin Yusuf — مولانا صلاح الدین یوسف

Surah Al Ikhlas

سورة الاخلاص

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

قُلْ هُوَ اللَّهُ أَحَدٌ (1)

آپ کہہ دیجئے کہ وہ اللہ تعالیٰ ایک (ہی) ہے

اللَّهُ الصَّمَدُ (2)

اللہ تعالیٰ بے نیاز ہے

یعنی سب اس کے محتاج ہیں، وہ کسی کا محتاج نہیں۔

لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُولَدْ (3)

نہ اس سے کوئی پیدا ہوا اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا

یعنی نہ کوئی چیز اس سے نکلی ہے نہ وہ کسی چیز سے نکلا ہے۔

وَلَمْ يَكُنْ لَهُ كُفُوًا أَحَدٌ (4)

اور نہ کوئی اس کا ہمسر ہے۔

اس کی ذات میں اس کی صفات میں اور نہ اس کے افعال میں۔ لیس کمثلہ شئی

حدیث قدسی میں ہے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

انسان مجھے گالی دیتا ہے یعنی میرے لیے اولاد ثابت کرتا ہے، حالانکہ میں ایک ہوں بے نیاز ہوں، میں نے کسی کو جنا ہے نہ کسی سے پیدا ہوا ہوں اور نہ کوئی میرا ہمسر ہے (صحیح بخاری)

اس سورت میں ان کا بھی رد ہو گیا جو متعدد خداؤں کے قائل ہیں اور جو اللہ کے لیے اولاد ثابت کرتے ہیں اور جو اس کو دوسروں کا شریک گردانتے ہیں اور ان کا بھی جو سرے سے وجود باری تعالیٰ ہی کے قائل نہیں۔

****

© Copy Rights:
Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana
Lahore, Pakistan
www.quran4u.com